نماز کے بعد کے وظائف

مجیب: مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3240

تاریخ اجراء: 08 جمادی الاولیٰ 1446ھ / 11 نومبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

سوال

ہر نماز کے بعد کونسی سورۃ اور وظیفہ پڑھنا بہتر ہے، رہنمائی فرمادیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

ہر نماز کے بعد تین بار استغفار، آیۃ الکرسی، تینوں قُل (سورہ اخلاص، سورہ فلق، سورہ ناس) ایک ایک بار پڑھنا اور سُبْحَانَ اللہ 33 بار، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ 33 بار، اَللہُ اَکْبَر 34 بار اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ایک بار پڑھنا بہتر ہے۔ روایات میں آتا ہے کہ جو ایسا کرے گا، اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے، اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں، اسی طرح عصر و فجر کے بعد بغیر پاؤں بدلے، بغیر کلام کیے۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ دس دس بار پڑھے، ہر نماز کے بعد، پیشانی یعنی سر کے اگلے حصّہ پر ہاتھ رکھ کر یہ پڑھے۔ بِسْمِ اللہِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّی الْھَمَّ وَالْحُزْنَ۔ اور ہاتھ کھینچ کر ماتھے تک لائے۔ (بہار شریعت بتغیر، جلد 01، حصہ 03، صفحہ 539، مطبوعہ: مکتبۃ المدینہ)

البتہ! یہ یاد رہے کہ اتنے ہی اَوراد و ظائف مُنتخَب کرنے چاہییں، جتنے آسانی سے مستقل طور پر بندہ نبھا سکے۔

نوٹ: مزید پانچوں نمازوں کے بعد، صبح و شام اوراد و ظائف پڑھنے کے لیے شجرہ عالیہ قادریہ مکتبۃ المدینہ سے طلب کرلیں یا دعوت اسلامی کی ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ کرلیں، جس کا لنک یہ ہے:

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/shajra-shareef/page-1

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net